منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

JOB/KMM/04

کام کرنے کی جگہ (Workplace)	ڈسٹرکٹ	**شعبہ** (Department)	خدام المساجد والمدارس المدینہ
منصب (Designation)	ڈسٹرکٹ ذمہ دار	**جوابدہ** (Report to)	ڈویژن ذمہ دار
کام (Function)	دعوت اسلامی کے لیے مساجد و مدارس المدینہ کے لئے جگہ حاصل کرنا اور ان کی تعمیرات میں معاونت کرنا	**ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff)	تحصیل / ٹاؤن ذمہ دار

منصب کے کام - Job Description

1. ڈسٹرکٹ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار اور تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور ان کی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مختلف مقامات پر مساجد اور مدارس المدینہ کے لئے جگہ حاصل کرنا اور ان کی تعمیرات میں معاونت کرنا نیز ان کا ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا۔
6. شعبے سے وابستہ بااثر افراد (شخصیات) کے گھروں اور دفاتر وغیرہ میں مدنی حلقے لگانا/لگوانا۔
7. شعبے سے وابستہ عاشقان رسول کے انتقال پر ایصال ثواب کے لیے ورثاء کو مکمل مسجد و مدرسہ بنانے یا تعمیرات میں حصہ لینے کا ذہن دینا/دلوانا۔
8. اہل محبت و بااثر افراد (شخصیات) کو ترغیب دلا کر مسجد/مدرسہ کے لیے جگہ وقف کروانا اور پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے دعوت اسلامی کے نام کروانا۔
9. دارالافتاء اہلسنت کی شرعی رہنمائی کے ذریعے عوامی و سیاحتی مقامات پر مساجد و جائے نماز کی ضرورت کے مطابق جائزہ رپورٹ تیار کروانا اور اسی کے مطابق مساجد بنوانا۔
10. متعلقہ ذمہ داران کے ذریعے جگہ کی خریداری اور تعمیرات کے لئے ریزرو فنڈ کی ترکیب کرنا/کروانا نیز فنانس ڈیپارٹمنٹ سے پلاٹس کی خریداری کے اخراجات کا آڈٹ کروانا۔
11. مساجد اور مدارس المدینہ کے لیے حاصل کی گئی نئی جگہوں کے ڈاکومنٹس اور لوکیشنز پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ کو جمع کروانا۔
12. مساجد اور مدارس المدینہ کے پراجیکٹ کی ویڈیوز اور مختلف ڈاکومینٹریز بنا کر مدنی چینل اور سوشل میڈیا (دعوت اسلامی) کو پیش کرنا نیز شعبے کی ویب سائٹ کو اپڈیٹ رکھوانا۔
13. طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق بااثر افراد (شخصیات) کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی، دارالافتاء اہلسنت وغیرہ) کا وزٹ کروانا۔
14. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز طے شدہ کاموں کا نفاذ (Implement) کرنا۔
15. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
16. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
17. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا اور مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
18. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) رپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
19. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

منصب کی اہلیت - Job specification

- **تعلیم:** ایف اے/درس نظامی کے 4 سال پڑھے ہو + ناظرہ قرآن پاک + 12 ماہ کا سفر + اصلاح اعمال و قافلہ کورس کیا ہو
- یوسی کی ذمہ داری پر کم از کم 2 سال کا ممتاز کیفیت میں عملی تجربہ
- Communication Skill, Leadership, MS office

اپنی دنیا آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔

- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ) کے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- شعبے سے منسلک عاشقان رسول کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی، دار المدینہ اسلامک اسکول سسٹم وغیرہ میں داخل کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔